سوال

سنن موکدہ پڑھنے کا طریقہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ظہر سے پہلے والی چار سنتوں کو کیسے پڑھنا چاہئے، دو دو کر کے پڑھیں یا چار اکٹھی پڑھ لیں۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

چار رکعت والی سنن کو اگرچہ ایک ہی سلام سے اکٹھے پڑھنا درست اور صحیح ہے ، لیکن دو دو کر کے پڑھنا زیادہ افضل اور راجح عمل ہے۔ کیونکہ دن اور رات کے تمام نوافل کے بارے میں نبی کریم ﷺ کی حدیث مبارکہ ہے۔

صلاة اللیل والنہار مثنی مثنی (ترمذی :424، قال الالبانی صحیح)

دن اور رات کی نماز دو دو رکعات ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث